پاکستان کپ ویمنز ون ڈے ٹورنامنٹ کی فاتح کا فیصلہ 21 ستمبر کو ہو گا

- جویریہ خان کی چیلنجرز اور سدرہ نواز کی بلاسٹرز ایونٹ کے فائنل میں مدمقابل ہوں گی
- فاتح ٹیم کو دس لاکھ روپے کی انعامی رقم دی جائے گی

کراچی،20 ستمبر 2021ء:

پاکستان کپ ویمنز ون ڈے ٹورنامنٹ کی فاتح کا تاج جویریہ خان کی چلینجرز کے سر سجے گا یا سدرہ نواز کی بلاسٹرز کے، یہ فیصلہ 21 ستمبر بروز منگل کو ہو گا۔

قومی خواتین کرکٹ سیزن برائے 22-2021 کے پہلے ٹورنامنٹ کا فائنل نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں برقی قمقوں کی روشنی میں کھیلا جائے گا۔ یہ میچ پی سی بی کے یوٹیوب چینل پر براہ راست نشر کیا جائے گا۔

دونوں ٹیمیں اب تک ایونٹ میں پانچ پانچ میچز جیت چکی ہیں۔ چار ٹیموں کے درمیان جاری ٹورنامنٹ میں دونوں ٹیمیں دو مرتبہ ایک دوسرے کے مدمقابل آئیں جہاں ایک مرتبہ میچ بلاسٹرز اور دوسری مرتبہ چلینجرز نے جیتا۔

گروپ مرحلے کے اختتام پر جویریہ خان کی چیلنجرز نے 1.2 کے رن ریٹ کی بنیاد پر پوائنٹس ٹیبل پر پہلی اور سدرہ نواز کی چیلنجرز نے 0.43 کے رن ریٹ کے سبب دوسری پوزیشن حاصل کی۔

چیلنجرز کی ارم جاوید اور جویریہ خان اب تک ٹورنامنٹ میں 268 اور 268 رنز بناچکی ہے۔ اس دوران کپتان جویریہ خان نے تین جبکہ ارم جاوید نے دو نصف سنچریاں اسکور کیں۔ باؤلنگ میں چیلنجرز کی انوشہ ناصر اور صباء نذیر اب تک 12، 12 وکٹیں حاصل کرچکی ہیں۔

ناہیدہ خان 273 رنز بناکر بلاسٹرز کی ٹاپ اسکورر ہیں۔ اس دوران انہوں نے تین نصف سنچریاں اسکور کی ہیں۔ اتوار کو 93 رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیلنے والی ندا ڈار اب تک 13 وکٹیں حاصل کرکے بلاسٹرز کی ٹاپ وکٹ ٹیکر ہیں۔

اس دوران ٹورنامنٹ کی تیسری پوزیشن کا مقابلہ کائنات امتیاز کی اسٹرائیکرز اور منیبہ علی کی ڈائنامائٹس کے مابین کھیلا جائے گا۔

چودہ میچز پر مشتمل اس ٹورنامنٹ کی فاتح ٹیم کو دس لاکھ روپے جبکہ رنرزاپ ٹیم کو پانچ لاکھ روپے کی انعامی رقم دی جائے گی۔

-ENDS-

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Assistant Manager Media and Communications
E: Ibrahim.badees@pcb.com.pk
W: +92 (0) 345 4743 486

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan, which was established under the Sports (Development and Control) Ordinance 1962 as a body corporate having perpetual succession with exclusive authority for the regulation, administration, management and promotion of the game of cricket in Pakistan.

The PCB operates through its own Constitution, generates its revenues, which are reinvested in the development of cricket. It receives no grants, funds or monies from either the Federal or Provincial Governments, the Consolidated Funds or the Public Exchequer.

The PCB's mission is to inspire and unify the nation by channelising the passion of the youth, through its winning teams and by providing equal playing opportunities to all.

Over the next five years, the PCB will be focusing on six key priority areas that include establishing sustainable corporate governance, delivering world-class international teams, developing a grassroots and pathways framework, inspiring generations through our women's game, growing and diversifying commercial revenue streams, and enhancing the global image of Pakistan.

The PCB also remains committed to developing ground and facility cricket infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.